میں نے قرآن پڑھنا چاہا تو میرا مذاق اُڑایا گیا کہ "ہندو قرآن کو پڑھ کر کیا کریں گے"؟

ایک خاتون کا دردبھرا خط

محترم و مکرم! آداب

آپ کا نام و پتہ ہفت روزہ "ساوی" کے ذریعہ ملا۔ عرض خدمت ہے کہ میں ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والی ایک عورت ہوں۔ میں نے ایم۔ اے پاس کیا ہے۔ مجھے اس بات کا بے حد اشتیاق ہے کہ میں مختلف مذاہب کی کتابوں کا مطالعہ کرکے ان میں پیش کردہ اعلیٰ افکار سے واقفیت حاصل کروں۔ میری شدید ترین تمنا ہے کہ میں قرآن کا بھی مطالعہ کروں۔ لیکن میں نے قرآن دیکھا تک نہیں ہے جب میں نے چند مسلم بہنوں سے قرآن مانگا تو جواب دیا گیا کہ "عورت کے لئے قرآن چھونا منع ہے۔" پھر تمسخر کے انداز میں کہا گیا کہ "ہندو قرآن پڑھ کر کیا کریں گے۔"

مکرمی! میں نے سنا ہے کہ قرآن عربی اور تامل دونوں زبانوں میں ملتا ہے۔ میں عربی نہیں جانتی کیا آپ کے اسلامی ٹرسٹ سے یہ مقدس ترین "قرآن مجید" تامل زبان میں مل سکتا ہے؟ اگر ہاں تو عاجزانہ درخواست کرتی ہوں کہ براہ کرم میرے پتے پر مطلع فرمائیں کہ یہ مقدس کتاب آپ کے پاس موجود ہے۔ براہ کرم تحریر فرمایئے کہ تامل میں قرآن مجید کی قیمت مع ڈاک خرچ کیا۔

ہو گی تاکہ میں فوری طور پر منی آرڈر ارسال کر دوں۔

اطمینان رکھیں کہ میں قرآن کے تقدس کو سمجھتی ہوں۔ جب میں نے قرآن پڑھنے کی خواہش ظاہر کی تو میرے مخلصانہ جذبے کو بے حسی کے ساتھ ٹھکرا کر بار ہا مختلف طریقوں سے میرا مذاق اڑا کر میرے دل کو مجروح کر دیا گیا۔ میں نے خدا کی محبت کے جذبے سے سرشار ایک ناچیز ہوں۔ یہ نہ سمجھئے کہ میں کسی غلط یا غیر سنجیدہ محرک کی وجہ سے قرآن طلب کر رہی ہوں۔ پھر ایک بار عاجزانہ درخواست کرتی ہوں کہ صرف ایک خط لکھنے کی تکلیف گوارا کریں کہ آپ کے پاس تامل زبان میں قرآن مجید ہے یا نہیں۔ تکلیف دہی کے لئے معافی کی خواستگار ہوں۔ اگر میں نے کوئی خلاف ادب بات لکھ دی ہو تو معاف فرما دیں۔

فقط

سواکا ماسندری ایم۔ اے شری گروگس ارڈول نلیم

(منوسامی کالونی کوتمبتور، تامل ناڈو)

گذارش

جوابی اُمور و خط و کتابت نیز منی آرڈر کرتے وقت اپنا خریداری نمبر ضرور دینا نہ بھولیں۔ خریداری یاد نہ ہونے کی صورت میں کم سے کم اس نام سے آپ کا رسالہ جاری ہے۔ اس کی وضاحت ضرور فرمائیں۔ چیک سے رقم نہ روانہ کریں صرف ڈرافٹ سے روانہ کریں۔ اس نام سے بنائیں۔ "برہان دہلی" "BURHAN DELHI"

پتہ: دفتر برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

Office Burhan Urdu Bazar Jama Masjid DELHI

مفکرِ ملت پیکرِ ایثار و خدمت دہ مند قوم

مفتی عتیق الرحمن عثمانیؒ

(حیات اور کارنامے)

اس دور کے مسلمانوں کے لئے سرمایۂ افتخار بھی ہیں اور قابلِ مطالعہ بھی جو برہا
نے مفتی عتیق الرحمن عثمانی نمبر" کی صورت میں قوم وملّت کے سامنے پیش
کر دیئے ہیں۔ یہ نمبر چار حصوں اور تقریباً پچاس عنوانات پر مشتمل ہے اس میں ہند اور پاکستا
کے سرکردہ اہلِ قلم علماء اور رہنماؤں نے حضرت کے افکار ونظریات، خدمات او
کارناموں پر روشنی ڈالی ہے۔ جن میں حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی، مولانا حکیم محمد عرفان
الحسینی، ڈاکٹر یوسف نجم الدین، قاضی اطہر مبارکپوری، قاضی زین العابدین، حکیم عبدالقو
دریابادی، مولانا نظر شاہ، کرنل بشیر حسین زیدی، الحاج عبدالکریم پاریکھ،
پروفیسر طاہر محمود، الحاج احمد سعید ملیح آبادی کے گرانقدر مقالات کے علاوہ
حضرت کے سفرنامے، ریڈیائی تقاریر، تاریخی اور اہم شخصیتوں کے نام خطوط او
بعض تاریخی شخصیتوں کی اہم تحریریں شامل ہیں

رنگین کی جلد قیمت باسٹھ روپے 62/-

ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی